ٹی جی۔ فیم سیریز

(ٹارگٹ گروپ مالیاتی بیداری پیغامات)




# مالیاتی خواندگی برائے



# سیلف ہیلپ گروپ

محکمہ مالی شمولیاتی وترقی، آر بی آئی

## پیغام1
سیلف ہیلپ گروپوں (ایس ایچ جیز ) کے سیونگ بینک اکاؤنٹس کیلئے اپنے گاہک کو جانیے (کے وائی سی)

## پیغام2
مارجن اور سیکورٹی ضوابط

## پیغام3
رضا کارانہ بچت

## پیغام4
سیلف ہیلپ گروپوں کے اچھے اصول ۔ حصہ اول

## پیغام5
سیلف ہیلپ گروپوں کے اچھے اصول ۔ حصہ دوم



# سیلف ھیلپ گروپس




## پیغام 1: سیلف ھیلپ گروپوں کے سیونگ بینک اکائونٹس کیلئے کے وائی سی

فرض کریں کہ آپ نے کفایت شعاری اور فائدے کیلئے 10 سے 20 لوگوں پر مشتمل ایک سیلف ہیلپ گروپ (ایس ایچ جی) بنایا ہے اور اب آپ ایس جی ایچ کیلئے سیونگ بینک اکاؤنٹ کھولنا چاہتے ہیں۔

### سیلف ہیلپ گروپس

### ایک ساتھ آنے کا مقصد: بچت اور قرض کی سہولیات بابت ایس ایچ جی




آفس بیریئرس

### بینک اکاؤنٹ کھولنے کیلئے چیک لسٹ




کے وائی سی تمام دفاتر کے عہدیداران کیلئے

ایس ایچ جی کیلئے بذریعہ دفتر عہدیداران اکاؤنٹ کھولنے کیلئے تصدیقی قرارداد

کے وائی سی تمام گروپ ممبران کیلئے

آپ کو یہ معلوم ہونا چاہئے کہ ایس جی ایچ کیلئے سیونگ بینک اکاؤنٹ کھولنے کے وقت گروپ کے سبھی ممبران کی کے وائی سی کی جانچ کی ضرورت نہیں ہوتی۔ کے وائی سی جانچ دفتر کے تمام عہدیداران کیلئے کافی ہوگی۔ تاہم بینک اکاؤنٹ کھولنے کیلئے ایس ایچ جی کی طرف سے بذریعہ دفتر عہدیداران قرارداد پیش کرنا ضروری ہوتا ہے۔

## پیغام 2: مارجن اور سیکورٹی ضوابط




قرض کی رقم ۔کارپس کا 1 . 4 حصہ ،اگر کارپس 10000 ہیں تو پھر قرضہ 10000 سے 40000 کے درمیان ہو گا۔

بینک آپ کے ایس ایچ جی کیلئے کل کارپس کی بنیاد پر بھی قرضہ منظور کر سکتا ہے ۔فرض کریں کہ آپ کے ایس ایچ جی کے پاس 10000 کے کارپس ہیں (ایس ایچ جی کے پاس بچی نقد رقم ،بینک کے سیونگ اکاؤنٹ میں باقی ماندہ رقم اور ممبران کے پاس قرضہ والی رقم ) تو قرض کی رقم 10000 سے 40000 سے مختلف بھی ہو سکتی ہے ۔

ایس ایچ جیز سے قرض دینے پر کسی طرح کی کوئی ضمانت نہیں لی جائے گی۔

کارپس سے چار گنا قرض ممکن ہے اگر

← ایس ایچ جیز کئی سال سے کامیابی سے کام کر رہے ہوں
← ایس ایچ جیز ماضی کا قرضہ وقت پر ادا کیا گیا ہو
← ایس ایچ جیز کریڈٹ سہولت ذمہ داری کا استعمال کیا گیا ہو


## پیغام3:رضاکارانہ بچت

عام طور پر ایس ایچ جی کے ممبر کے طور پر آپ کو لازمی طور پر ہفتہ وار/ پندرہ روزہ/ ماہانہ بنیاد پر ایس ایچ جی میٹنگوں میں فکسڈ رقم جمع کرانا ہوگی۔ آپ کی آمدن اور بچت کی صلاحیت وقت کے ساتھ ساتھ بڑھتی جائے گی اور گروپ کے دیگر ممبران کی بہ نسبت آپ مختلف ہوں گے۔ آپ کو رضا کارانہ طور پر بچت کیلئے فکسڈ رقم سے زیادہ جمع کرانا ہوگا جیسا کہ دیگر ممبران بھی کرتے ہیں۔

ایک گروپ کا انفرادی ممبر دو طرح سے بچت کرسکتا ہے، ایک گروپ کی طرف سے متعین کردہ اور دوسرا رضا کارانہ طور پر۔

**لازمی بچت**

**یہ ایک گروپ کی طرف سے مستقل شراکت ہے**



**رضا کارانہ شراکت**

**اگر آمدن گروپ کے ممبران سے زیادہ ہو**

آپ بینک میں انفرادی بینک اکاؤنٹ بھی کھول سکتے ہیں/ اپنے موجودہ انفرادی بچت اکاؤنٹ میں اضافی رقم ڈپازٹ کرکے بحال کریں تاکہ مستقبل میں آپ کی منصوبہ بندی کا خرچہ اس بچت سے پورا ہوسکے۔ متبادل طور پر، آپ اپنی اضافی رقم کو گروپ کے اندر ہی رضا کارانہ طور پر لازمی بچت کے علاوہ جمع کرسکتے ہیں۔ آپ کو یہ یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ ایس ایچ جی کے اندر مناسب احتسابی نظام موجود ہے۔

رضا کارانہ طور پر کی جانے والی بچت کا شمار دو طریقوں سے کیا جاسکتا ہے:

1۔ گروپ کارپس کا حصہ نہیں بنانا

2۔ گروپ کارپس کے حصہ کے طور پر بین گروپ قرضہ کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

(2) کی صورت میں، رضا کارانہ بچت میں یہ بھی شمار کرنا ہوگا کہ گروپ کیلئے بینک کی طرف سے قرض کی کتنی مقدار کا تعین کیا گیا جو آپ کے ایس ایچ جی کو فائدہ دے سکتا ہے اور دوسری مرتبہ آپ کا گروپ بینک سے قرضے کی ایک بڑی مقدار حاصل کرسکتا ہے۔ ایس ایچ جی کے ممبران مشترکہ طور پر یہ فیصلہ کریں گے کہ گروپ کے ممبران کی طرف سے رضا کارانہ طور پر کی جانی والی بچت سود آمدن میں شیئر کے تناسب کیلئے اہل ہے یا گروپ سے منافع بخش کیلئے۔

# پیغام 4: سیلف ہیلپ گروپوں کے اچھے اصول۔ حصہ اول

## متواتر میٹنگیں

ایس ایچ جی کے اراکین کو متواتر میٹنگوں (اجلاسوں) کا فیصلہ کرنا ہوگا۔ یہ میٹنگیں ہفتہ وار بنیاد پر ترجیحاً ہونی چاہئیں لیکن گروپ کے مسائل کے مطابق پندرہ روزہ/ ماہانہ بنیاد پر بھی میٹنگیں ہوسکتی ہیں۔



**مستقل میٹنگیں اور باقاعدہ حاضری:** باقاعدگی سے گروپ کے اجلاس اور ان میں گروپ کے اراکین کی مجموعی شرکت سے گروپ کے کام میں استحکام آتا ہے اور کام موثر طریقہ سے ہوتا ہے۔ اس کو پانے کیلئے، ایس ایچ جی کو مستقل اجلاسوں اور گروپ کے سبھی ارکان کی حاضری پر زور دینا چاہئے۔ ایسے اجلاس آپ کو ایک دوسرے کے قریب لائیں گے اور وہ ایک دوسرے کے چیلنجز آسانی سے سمجھ سکیں گے۔

گروپ کی میٹنگ سبھی ممبران کی شرکت آپ کے گروپ کو استحکام فراہم کرے گی، جس سے سبھی کے فائدے اور اطمینان کیلئے کام شروع ہوگا۔

---

## متواتر بچت



گروپ کے اراکین ہفتہ وار/متواتر بچت کا فیصلہ گروپ کے غریب سے غریب ممبران کی اہلیت کو مدنظر رکھ کر کریں گے۔

چھوٹی بچت کی عادت بنیادی طور پر گروپ کو مضبوط سے مضبوط بنانے میں مدد دیتی ہے اور اس سے ایک مضبوط مشترک رقم تیار ہوتی ہے۔ (فائدہ: نظم وضبط کے ساتھ چھوٹی بچت آپ کے گروپ کارپس میں اس حد تک اضافہ کرے گی کہ کوئی بھی ممبر اپنی ہنگامی ضروریات کی خاطر قرضہ دینے والوں پر انحصار نہیں کرے گا۔ کارپس میں اضافہ سے گروپ اس قابل بن جائے گا کہ وہ بینک سے زیادہ قرضہ لے سکے۔)



## باقاعدگی سے اندرونی قرضے

ایک بار جب ایس ایچ جی نے بچت کی شکل میں قابل قدر رقم جمع کر دی، 3 سے 6 مہینے کی مدت تک کیلئے ،تو ممبران کو ہنگامی ضروریات اور اضافی آمدن پیدا کرنے کیلئے ان کی بچت کے عوض قرضہ حاصل کرنے کی اجازت دی جا سکتی ہے۔

- گروپ اپنے ممبران کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے گروپ فنڈز سے اندرونی قرضہ دے سکتا ہے۔

- ابتدائی طور پر، کچھ وقت کیلئے اپنے مشترکہ فنڈ کو منظم کرنے کیلئے ایس ایچ جی ممبران کو نہ صرف ایک دوسرے کی مالیاتی ضروریات کا خیال رکھنے کی ضرورت ہے بلکہ ان کی مالیاتی انتظام کی مہارت کو بھی فروغ دینا چاہیئے۔

- اراکین کو قرضہ دینے سے ایس ایچ جی ممبران کے علم میں اس بات کا بھی اضافہ ہوگا کہ انہیں کیسے شرح سود اور مدت پر قرضہ کی قسطیں، قرض کی وصولی وغیرہ کو نمٹانا ہے۔

- مقصد، رقم، سود کی شرح، واپس ادائیگی کا شیڈیول وغیرہ کا فیصلہ گروپ کی طرف سے خود ہی لیا جائے گا۔

# پیغام 5: سیلف ہیلپ گروپوں کے اچھے اصول۔ حصہ دوم



## باقاعدہ واپس ادائیگی

قرضہ دینا اور قرضہ لینا بنیادی طور پر بھروسہ اور قرضہ لینے والے کے فائدے کی اہلیت کی بنیاد پر ہوتا ہے۔ قرضہ لینے والے کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ قسطیں وقت پر واپس ادا کرے۔ قسطوں کی ادائیگی میں تاخیر کے نتیجہ میں اسے مزید سود ادا کرنا ہوگا جس سے اس کو نقصان اٹھانا ہوگا اور مستقبل میں قرضہ لینے میں بھی مشکل ہوگی۔

## انفرادی ممبران کا کریڈٹ سکور

کریڈٹ سکور ایک شخص کی اہلیت کا عددی اظہار ہے جو کریڈٹ انفارمیشن کمپنیوں (سی آئی سی) کی طرف سے آیا ہے اور اسے بینکوں کی طرف سے اس بات کا اندازہ لگانے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے کہ ایک شخص کیسے اپنا قرضہ واپس ادا کرے گا۔ ایک کریڈٹ سکور بہت سی دوسری چیزوں پر مبنی ہوتا ہے، ایک شخص کی ماضی کی کریڈٹ تاریخ، یہ 300 سے 900 کے درمیان کی تعداد ہے، زیادہ تعداد پر اس شخص کو زیادہ کریڈٹ والا سمجھا جاتا ہے۔



## حساب کتاب رکھنا

یہ ضروری ہے کہ سیلف ہیلپ گروپ میں تمام مالی وغیر مالی ادائیگیاں شفاف طریقہ سے ہوں ۔اس سے بھروسہ، باہمی اعتماد اور ممبران کے درمیان آپسی اعتماد فروغ پاتا ہے۔دیگر ریکارڈ جیسے ممبر شپ رجسٹر، منٹس بک، حاضری رجسٹر، کیش بک وغیرہ کی طرح اکاؤنٹس کی کتاب کو مستقل اندراج کے ساتھ برقرار رکھا جانا چاہیئے۔سیلف ہیلپ گروپ میں تمام ادائیگیاں بشمول ممبران کی چھوٹی بچت ، رضا کارانہ بچت اور اندرونی قرضہ کا ریکارڈ رکھا جانا چاہیئے اور مستقل طور پر ممبران کو اس کی سمجھ ہونی چاہیئے۔

فوائد

1۔ گروپ کی طرف سے لئے گئے تمام فیصلوں کا وقت بروقت ارکان کو پتہ ہونا چاہیئے جس سے وہ مستقبل میں صحیح اور بہتر فیصلہ لینے کے قابل ہوں گے۔

2۔ حساب کتاب رکھنے سے گروپ کی مالیاتی حیثیت جیسے ممبران کی بچت، قرضے، ممبران کی حاضری، گروپ فنڈ، وصولی کی شرح وغیرہ کا معائنہ کرنے میں مدد ملتی ہے۔

3۔ یہ ممبران کے درمیان اعتماد اور اتحاد کے فروغ میں مدد دیتا ہے۔

4۔ یہ ادارہ جاتی ترقی کو فروغ دیتا ہے اور گروپ کی کریڈٹ کی اہلیت میں اضافہ کا باعث بنتا ہے۔

5۔ یہ گروپ کی کارکردگی کی نگرانی کے قابل بناتا ہے۔

6۔ اچھی طرح سے حساب کتاب رکھنے سے گروپ بیرونی وسائل جیسے بینکوں اور دیگر ایجنسیوں سے قرضوں کو اپنی طرف متوجہ کرنے کے قابل بنتا ہے۔

7۔ اچھی طرح سے حساب کتاب رکھنے کے انتظام سے گروپ ممبران کیلئے مالیاتی لین دین کی شفافیت کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے جس سے گروپ مزید مستحکم ہوتا ہے۔

8۔ یہ عوامی اداروں کی آنکھوں میں گروپ کو تسلیم کرنے کا سبب بنتا ہے۔

9۔ اچھی طرح سے حساب کتاب رکھنے سے گروپ کی کارکردگی بہتر بنانے میں مدد ملتی ہے۔

# مخصوص ہدف کیلئے مالیاتی خواندگی مواد

مالیاتی شمولیت پر درمیانہ مدت پر ایگزیکٹوڈائریکٹر ریزروبینک آف انڈیا شری دیپک موہانتی کی سربراہی والی کمیٹی کی سفارشات پر مالیاتی تعلیم کیلئے ''اے ون سائز فٹ آل'' شائد کم ہوتا کیونکہ مختلف گروپوں کو مختلف قسم کی مالیاتی تعلیم کی ضرورت ہے۔ اسی کے نتیجہ میں مختصر مواد کو مختلف ہدف گروپوں کے مطابق تیار کرنے کی ضرورت ہے۔

ریزروبینک آف انڈیا کا فائنانشل انکلوژن اورڈیولپمنٹ محکمہ پانچ مختلف ہدف گروپوں کیلئے کم مواد کے ساتھ سامنے آیا۔ یہ گروپ کسان، چھوٹے کاروباری، سکولی بچے، سیلف ہیلپ گروپ اور معزز شہریوں پر مشتمل ہیں۔ یہ کتاب ان پانچ کتابوں کے سلسلے کی ایک کتاب ہے جو مختصر مالیاتی خواندگی مواد پر مشتمل ہے۔

**ڈس کلیمر**

اس کتاب کو پڑھنے اور تدریس کے مواد کے طور پر اس سنجیدہ مقصد سے پیش کیا گیا کہ اسے پڑھنے والا مالیاتی طور پر خوانندہ بن جائے۔ یہ قارئین کو کسی مالیاتی منصوعات یا خدمات سے متعلق فیصلہ کرنے کیلئے اثر انداز ہونے کی خاطر نہیں۔

**کاپی رائٹ**

پہلا ایڈیشن۔اپریل 2018

دوبارہ تیاری کی اجازت ذریعہ کو تسلیم کرنے پر ہے

**تحریر اور شائع کردہ**

فائنانشل انکلوژن وڈیولپمنٹ محکمہ

ریزروبینک آف انڈیا

10 ویں منزل، مرکزی دفتر عمارت

شہید بھگت سنگھ مارگ

فورٹ ممبئ

**تسلیم شدہ**

ڈیزائن: کشک راماچندرن

محکمہ مالی شمولیاتی و ترقی

بھارتیہ ریزرو بینک
10 ویں منزل، مرکزی دفتر
ممبئی، 400001، انڈیا